31/12/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ طارق احمد گانی سے خبریں سُنئے

فلیگLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں بھارت کی قومی یکجہتی اور غیر منقسم ثقافتی پارک رام وِہار جموں میں عظیم JDAدھارے کی مالا مال علامت ہے۔ انہوننے ان باتوں کا اظہار مجاہد آزادی نیتا جی سبھاش چندر بوس فلیگ پوئنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے نیز قومی ترنگا لہرانے کے بعد ایک تقریب سے خطاب کرنے کے دوران کیا۔

واضح رہے کہ نیتا جی نے انڈومان اور نیکوبار جزائر میں بھارتی زمین پر ،82سال قبل دسمبر کی30تاریخ کو ترنگا لہرانے کا تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا تھا۔غور طلب ہے کہ اس فلیگ پوائنٹ کا قیام سبھاش چندر بوس کو خراج عقیدت ادا کرنے کی غرض سے عمل میں لایا گیا ہے۔

ماحولیاتی سیاحت

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران ماحولیاتی سیاحت کو فروغ دینے کےلئے جامع منصوبہ بندی پر زور دیا ہے۔ انہوننے محکمہ جنگلات اور دیگر متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ ایسے سیاحتی مقامات کی نشاندہی کرے جہاں سیاحوں کےلئے ماحولیاتی سیاحت سے متعلق کئی طرح کے امکانات موجود ہوں۔ میٹنگ میں
محکمہ

جنگلات کے کمشنر سیکریٹری اور پرنسپل چیف کنزرویٹر آف فارسٹس کے علاوہ دیگر اعلیٰ ۃ عہدیدار موجود تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری نے جموں میں منعقدہ ایک اور میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر میں جڑی بوٹیوں اور خوشبو دار پودوں کی تجارتی کاشت کو فروغ دینے کےلئے کئی امور کا جائزہ لیا۔

CSIR-IIIMانہوںنے ایسے پودوں کی کاشت میں تحقیق سے جڑے اداروں بشمول سکاسٹ اور جموں کے رول کو اُجاگر کیا۔

سوناواریMLA

سونا واری حلقے کے رکن اسمبلی ایڈوکیٹ ہلال اکبر لون نے کہا ہے کہ خواتین کو کارخانہ داری کے شعبے میں با اختیار بنانا مستقبل میں ایک پائیدار سماج کی ضمانت ہے۔

موصوف ایم ایل اے کل گورنمنٹ ڈگری کالج سمبل میں ڈسڑکٹ ایمپلائمنٹ اینڈ کونسلنگ سینٹر بانڈی پورہ کے زیرانعقاد خواتین کارخانہ داروں کے ایک میلے سے خطاب کر رہے تھے۔

انہوںنے کہا کہ ایسی تقریبات سے خواتین کو اپنے کاروباری اداروں کو مزید تقویت دینے نیز سماج میں موجود دیگر خواتین کو بھی کار خانہ داری میں اپنا ہنر آزمانے کی تحریک ملتی ہے۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل سرینگر کے لالچوک اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کر کے وہاں ترقیاتی ضروریات کا وسیع تر جائزہ لیا۔

اس دوران سینٹرل لالچوک کے ٹریڈرس ایسو سی ایشن نے بھیڑ باڑ والے مقامات پر ٹریفک نظام کو بہتر بنانے، نکاسی آب اور علاقے میں بنیادی سہولیات کے ڈھانچے کو تقویت دینے سے متعلق کئی اہم معاملات ڈپٹی کمشنر کی دانست میں لائے۔

ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسروں کو عوامی اہمیت کے حامل تمام مسائل کا ازالہ کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

بڈگام

ضلع بڈگام میں منشیات کے خلاف جا ری کارروائیوں کا جائزہ لینے کے غرض سے منعقدہ ضلع سطحی میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے متعلقہ افسران کو منشیات کی سمگلنگ کرنے والے افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت دی۔

انہوںنے افسران پر زور دیا کہ وہ منشیات سے متاثرہ افراد کا علاج کرنے نیز ان کی باز آبادکاری کےلئے تمام ضروری اقدام کرے۔میٹنگ میں ضلع کے ایس ایس پی نِکھل بورکر نے بھی شرکت کی۔

اصلاحات

بھارت کی ترقی کے سفر میںسال2025 ایک اہم باب کے طور پرسامنے آیا ہے۔ اس ایک سال کے دوران پالیسیوں کی بنیاد پر ترقی ہوئی اور اُس کا بھر پور اثر دیکھنے کو ملا۔

اس سال بھارت نے اپنے صنعتی اور اقتصادی سفر میں 7 اعشاریہ8فیصد کے ترقی کے نشانے کو حاصل کیا۔ ملک نے سب سے تیز ترقی کرنے والے مارکیٹ اور پیدوار کے ایک بڑے عالمی مرکز کی حیثیت حاصل کی۔

جی ایس ٹی کے دوسرے مرحلے کے تحت اسے معقول بناکر5اور18فیصد کے ٹیکس زمرے بنائے گئے ۔ جس کے سبب مصنوعات سازی پر آنے والی لاگت بھی کم ہو گئی ہے۔

اننت ناگ

خواتین کو با اختیار اور خود انحصار بنانے کےلئے جا ری مشن یوا کے تحت اننت ناگ میں خواتین کارخانہ داروں اور سیلف ہیلپ گروپس کےلئے ایک میلے کا انعقاد کیا، جس دوران 4 سو سے زائد سیلف ہیلپ گروپس نے میلے میں شرکت کر کے کئی سٹالز قائم کئے اور خود تیار کر دہ مختلف اقسام کے مصنوعات کی نمائش کی۔

کپواڑہ

کپواڑہ کے باہمی JKNRLMضلع انتظامیہ کپوارہ نے ڈسڑکٹ ایمپلائمنٹ اینڈ کونسلنگ سینٹراور اشتراک سے ٹاون ہال کپواڑہ میں خواتین کار خانہ داروں اور سیلف ہیلپ گروپس کےلئے ایک میلے کا انعقاد کیا، جس دوران ضلع بھر سے تعلق رکھنے والی خواتین کار خانہ داروں کی اقتصادی سرگرمیوں کو دوام بخشنے کےلئے انہیں مشن یوا سے متعلق کلیدی جانکاری دی گئی۔

کولگام

اسی طرح گورنمنٹ ہائر سکنڈری سکول قیمو کولگام میں بھی سیلف ہیلپ گروپس سے جڑی خواتین کی کار خانہ داری سے متعلق مہارت کو فروغ دینے کےلئے ایک میلے کا انعقاد کیا گیا۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم وِنگ نے سرینگر کے غاثیار، حول علاقے میں مقیم غلام نبیHUDDA کے خلاف بڈگام کے چیف جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں فردِ جرم داخل کی ہے۔

ملزم کے خلاف شکایت کنندہ اور دیگر افراد کو پیسوں کے عوض نوکری فراہم کرنے سے متعلق جھانسہ دینے کا الزام ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

....

....

....

....

...